

زائیلم پروٹیکنالوجی™

# ابویٹو

480 ایس سی

## جھلساؤ اور پھپھوندی کے کنٹرول میں ایک نئی جدت

## صحت مند فصل اور اضافی منافع بخش پیداوار




UPL
OpenAg™



اَریسٹا لائف سائنس پاکستان (پرائیویٹ) لمیٹڈ


# ایویٹو

**ایویٹو** کا مؤثر عنصر فلوکسٹرابن (Fluoxastrobin) جدید پھپھوندی کُش اسٹروبائیورین (Strobilurin) فیملی کا ایک جدید اور منفرد زہر ہے۔ یہ اپنی منفرد زائیلم پروٹیکنالوجی کی بدولت پتوں اور جڑوں میں انتہائی تیزی سے جذب ہوکر پودے کے تمام حصوں میں یکساں طور پر پھیل جاتا ہے اور مختلف بیماریوں مثلاً اگیتا جھلساؤ، پچھیتا جھلساؤ، روئیں دار پھپھوندی، پاؤڈری ملڈیو وغیرہ کے خلاف انتہائی مؤثر کنٹرول دیتا ہے۔

## ایویٹو کا طریقہ اثر:

**ایویٹو** دو منفرد طریقوں سے اثر انداز ہوکر پھپھوندی کی موت کو یقینی بناتا ہے۔

- **ایویٹو** سپور کے سیل میں داخل ہوکر مائٹوکونڈریل (Mitochondrial) کے فنکشن میں مداخلت یعنی "پھپھوندی کے سپور کے سانس لینے کے عمل کو روکتا ہے۔"
- **ایویٹو** پھپھوندی کے سپور میں سائٹوکروم بی/سی I کمپلکس کے درمیان الیکٹرون کے انتقال اور توانائی (ATP) کے بننے کے عمل پر اثرانداز ہوکر پھپھوندی کے خلیے کی تمام بائیوکیمیکل (Biochemical) عمل کو روک دیتا ہے یعنی "پھپھوندی کے توانائی بننے کے عمل کو روکتا ہے۔"




# ایویٹو کے فوائد:

## 1 پتوں میں بھترین سرائیت


### ایویٹو ... مؤثر اور تیز سرائیت پذیر 15 منٹ کے اندر اندر حفاظتی عمل شروع

**ایویٹو** Xylem-Pro Technology کی بدولت اسٹروبائیلورین سے تعلق رکھنے والے دوسرے ہم اثر پروڈکٹ سے منفرد عمل کرتا ہے۔ Xylem-Pro Technology کی بدولت پودے میں پانی کے مالیکیولز کے ساتھ مل کے 15 منٹ کے اندر اندر حفاظتی عمل شروع کر دیتا ہے اور 6 سے 9 گھنٹے میں پورے پودے میں یکساں پھیل جاتا ہے۔ حفاظتی اور معالجاتی طریقے سے بیماریوں کو کنٹرول کرتا ہے۔






**ایویٹو** زائیلم کے ذریعے پتوں کی نئی پھوٹ میں داخل ہو کر پودے کے نوزائیدہ حصوں (نئے پتوں، نئی جڑوں) کو بیماری سے محفوظ رکھتا ہے۔



## 2 وسیع دائرہ اثر

**ایویٹو** مندرجہ ذیل بیماریوں پر کنٹرول دیتا ہے۔





### اگیتا جھلساؤ



### پچھیتا جھلساؤ



### روئیں دار پھپھوندی



### پاؤڈری ملڈیو



جدید اسٹروبائیورین (Strobilurin) فیملی سے تعلق رکھنے کی بنا پر **ایویٹو** چار بڑ



## براؤن سپاٹ



## انتھریکنوز



## گمی سٹم بلائیٹ



## روٹ راٹ





ے گروپ سے تعلق رکھنے والی تمام پھپھوندیوں سے لگنے والی بیماریوں پر مؤثر ہے۔

## 3 بارش میں بھی بہترین کارکردگی



زائیلم - پروٹیکنالوجی کی بدولت **ایوبیٹو** سپرے کے فوری بعد پتوں میں جذب ہو کر پودوں میں بیماریوں کیخلاف حرکت میں آجاتا ہے اور یوں بارش ہونے کی صورت میں اسکی کارکردگی پر کوئی فرق نہیں پڑتا۔

## 4 ٹنل فارمرز کا اولین انتخاب

ٹنل کے اندر درجہ حرارت کا بڑا اہم کردار ہے۔ درجہ حرارت کے اُتار، چڑھاؤ کا اثر ٹنل میں موجود سبزیات پر ہوتا ہے۔ جس کی وجہ سے پودے کا ہارمونل سسٹم خصوصاً پودے میں ایتھالیں (Ethylene) غیر متوازن ہو جاتی ہے۔ نتیجتاً پودے پر منفی اثر پڑتا ہے اور زمیندار کو بیماری کے اسپرے کے ساتھ ساتھ اضافی پروڈکٹ استعمال کرنا پڑتا ہے۔

**ایوبیٹو** اپنی منفرد خاصیت کی وجہ سے بیماری کو کنٹرول کرنے کے ساتھ ساتھ ٹنل کے اندر موجود فصل میں ایتھالیں کو متوازن کر کے فصل کو صحت منداور خوش نما بناتا ہے۔ 15 منٹ کے اندر اندر جذب ہونے کی صلاحیت کی وجہ سے ٹنل کے اندر زیادہ نمی میں بہترین کارکردگی دیکھتا ہے۔





## 5 مختصر REI

مختصر (REI) صرف 12 گھنٹے

## 6 ایویٹو صحتمند فصل اور اضافی منافع بخش پیداوار







- ایویٹو پودوں میں ایتھالیں (Ethylene) کے زیادہ بننے کے عمل پر اثر انداز ہو کر اسکی مقدار کو متوازن رکھتا ہے اور یوں پودوں کی نشونما/بڑھوتری پر منفی اثرات مرتب نہیں ہونے دیتا۔
- ایویٹو پودوں کی کاربن اسیمیلیشن (Carbon Assimilation) صلاحیت کو بڑھاتا ہے نتیجتاً پودے میں ضیائی تالیف کا عمل بہتر ہو جاتا ہے اور پودے میں خوراک بنے کا عمل تیز ہو جاتا ہے۔
- ایویٹو پودوں میں نائٹروجن فکیشن (Nitrogen Fixation) کے عمل کو بہتر کرتا ہے نتیجتاً پودوں کی پانی و دیگر غذائی اجزاء لینے کی صلاحیت بڑھ جاتی ہے اور پودہ بھرپور پیداوار اُٹھاتا ہے۔

# استعمال کے لئے سفارشات

| فصل | بیماری | مقدار | وقفہ برداشت |
|---|---|---|---|
| آلو | اگیتا، پچھیتا جھلساؤ اور ریزکٹونیا (بلیک سکرف) | 100ملی لیٹر فی 100لیٹر پانی | 7دن |
| چاول/دھان | شیتھ بلائیٹ، براؤن لیف سپاٹ، کرنل سمٹ (مونجر کا کالاپن)، گردن کی بلاسٹ | | 28 دن |
| گندم | رسٹ | | 40دن |
| سویابین | الٹرنیریا لیف سپاٹ، پاؤڈری ملڈیو، براؤن سپاٹ | | 3دن |
| پھل والی سبزیاں (بینگن،مرچ،ٹماٹر) | اگیتا، پچھیتا جھلساؤ | | 3دن |
| پتے والی سبزیاں | اگیتا، پچھیتا جھلساؤ اور ریزکٹونیا | | 1دن |
| بیلوں والی سبزیاں (خربوزہ،تربوز،کھیرا،اسکواش،ٹینڈے وغیرہ) | انتھریکنوز، اگیتا جھلساؤ، بیلی راٹ، ڈاؤنی ملڈیو، پاؤڈری ملڈیو، گمی سٹم بلائیٹ | | 1دن |
| سٹرابیری، کرینبیری، بلوبیری، آلو بخارہ، آڑو، خوبانی | انتھریکنوز، پاؤڈری ملڈیو، گرے مولڈ، کورینیم بلائیٹ، سکیب | | 1دن |
| نمائشی پودے | انتھریکنوز، پاؤڈری ملڈیو، لیف سپاٹ، روٹ راٹ، مرجھاؤ، رسٹ | | – |

**نوٹ:**

بیماریوں کیلئے سازگار موسمی حالات شروع ہوتے ہی **ایوبیٹو** کا حفاظتی اسپرے شروع کردیں۔

بیماری کے ظاہر ہوتے ہی 7-10 دن کے وقفے سے اسپرے کریں۔

بیماری کی شدت میں اسپرے کا وقفہ کم رکھیں۔



مزید معلومات کیلئے

**اَریسٹا لائف سائنس پاکستان (پرائیویٹ) لمیٹڈ**

کے نمائندوں سے رابطہ کریں


ہیڈ آفس : تھرڈ فلور، بلڈنگ نمبر 5/A، پی۔ای۔سی۔ایچ۔ایس، بلاک نمبر 6، شاہراہ فیصل کراچی 75350 پاکستان۔فون: 3-34522611 (21-92+)

ریجنل آفسز : • لاہور: 042-37513154 • ملتان: 061-6537315-18 • حیدرآباد: 022-3885022 • پشاور: 091-2964529

www.arystalifesciencepk.com


ALSPK-9102